BE SAFE CHICAGO



# محفوظ رہیں- PK-12 تعلیم

CHICAGO

# محفوظ رہیں۔ PK-12 تعلیم

اس گائیڈ میں کیا ہے؟

آہستہ آہستہ دوبارہ شروع کریں
(مرحلہ IV)

## شکاگو کو احتیاط سے دوبارہ کھولنے کے لیے مندرجہ ذیل درکار ہے:

### صحت مندانہ میل جول

**سماجی دوری**



دوسرے افراد سے سماجی دوری پر تحدیدات

**مجمع کا سائز**



افراد کے مجمع پر تحدیدات

**حفاظتی اسباب**



افراد کا استعمال برائے حفاظتی اسباب

**حفظان صحت کے تقاضے**



صحت و صفائی سے متصف میل جول کو یقینی بنانا (جیسے، ہاتھ دھونا)

### محفوظ جگہیں اور حالات

**داخلہ تک رسائی**



جگہ تک رسائی حاصل کرنے کے لیے داخلہ/اخراج کی حالت

**صفائی کے معیارات**



جگہ کو جراثیم سے پاک کرنے کی خاطر لیے گئے اقدامات

**مرئی رہنمائی**



جگہ پر پوسٹ کردہ حفظان صحت کے وسائل اور رہنمائی

**جائے کار کے حالات**



لوگوں کی تعداد، ہوا داری، وغیرہ کی قدر پیمائی

### عمل آوری سے متعلق سکڑاؤ اور نگرانی

**لچک پذیر ماڈلز**



بیماری کی چھٹی کے ساتھ لچک، ریموٹ کام (جب ممکن ہو)

**آپریشن سے متعلق لچک**



آپریشن سے متعلق لچک پذیری کے لیے تعاون (جیسے، متعدد شفٹس)

**سفر سے متعلق رہنما خطوط**



مقامات کے بیچ لوگوں کی نقل و حرکت پر پابندی

**جانچ کرنا/ٹریک کرنا**



جانچ کرنے اور ٹریک کرنے کی سہولت رسائی

BE SAFE CHICAGO

- تجویز کردہ رہنمائی -

آہستہ آہستہ دوبارہ شروع کریں
(مرحلہ IV)

# محفوظ رہیں- PK-12 تعلیم

## تمثیلی مثال




## کیا چیز مختلف ہو سکتی ہے؟

1 **مرئی علاماتی تختی** جو حفظان صحت، سماجی دوری، مناسب PPE وغیرہ کے سلسلے میں پوری فسیلیٹیز میں آویزاں کی گئی ہو

2 کلاس روم میں سماجی فاصلے کی ترغیب دینا، جہاں بھی ممکن ہو، **کلاس روم میں ڈیسکس یا فرنیچر کو اپنی جگہ سے کھسکا کر فاصلے کو فروغ دینا**

3 **اسکول کی عمارت میں ہوتے ہوئے ہر وقت چہرے کو ماسک سے ڈھانپ کر رکھنا ضروری ہے**

4 ہال ویز یا دیگر جگہیں جہاں طلبہ قطار بناتے ہیں وہاں 6 فٹ کے مجوزہ فاصلے کے نشانات لگائے گئے ہیں

5 **پورے اسکول میں اور دفتری احاطوں، بشمول تمام داخلی**، خارجی راستوں اور کلاس رومز میں ہینڈ سینیٹائزر اسٹیشنز فراہم کرنا

6 کوئی بھی طالب علم یا اسٹاف جو COVID-19 کی علامات کے ساتھ آئے یا دن کے دوران اس میں علامات جنم لیں تو گھر تک اس کی منتقلی کا انتظام ہونے تک اسے ایک **معینہ مقام پر تنہا رکھا جائے**

BE SAFE CHICAGO

- تجویز کردہ رہنمائی -

آہستہ آہستہ دوبارہ شروع کریں
(مرحلہ IV)

# محفوظ رہیں- PK-12 تعلیم

## صحت مندانہ میل جول




### مشترکہ جگہوں (جیسے لابی، ہال کے راستے، کمرے) میں >6 فٹ کی سماجی دوری کی ترغیب دیں

- اسکول کی عمارت کے تمام حصوں، بشمول کلاس رومز کے اندر، ہال ویز میں اور اسٹاف کے احاطوں (مثلاً دفتری احاطے، سیکیورٹی اور فرنٹ ڈیسکس) میں سماجی فاصلے کی ترغیب دینا اور اختیار کرنا؛ ہنگامی صورتحال یا ڈرلز اس سے مستثنیٰ ہیں کیونکہ ایسا کرنا صحت اور تحفظ کے لیے مزید خطرات پیدا کردے گا
- جہاں بھی ممکن ہو، سماجی فاصلے کے فروغ کے لیے کلاس رومز میں فرنیچر کو ازسرِ نو ترتیب دینا (مثلاً طلبہ کے درمیان 6 فٹ کا فاصلہ رکھنے کے لیے ڈیسکس کو حرکت دینا)
- جہاں بھی ممکن ہو، ایک ہی سمت میں رخ رکھنے کے لیے نشستوں کو ترتیب دینا
- جہاں بھی ممکن ہو، طلبہ کے ایک ہی گروپ کے باہمی رابطوں کو محدود کرنے کے لیے کلاس رومز میں نشستیں مختص کرنا، خصوصاً جہاں سماجی فاصلہ اختیار کرنا زیادہ مشکل ہو (مثلاً میزوں پر)
- مختص کردہ گروہی رابطوں (استاد سے استاد، اسکول کے منتظم سے استاد وغیرہ) سے باہر اسکول اسٹاف کے درمیان سماجی فاصلہ رکھنے کے اقدامات کی حوصلہ افزائی کرنا
- سماجی فاصلے کے فروغ میں مددگار حکمتِ عملیوں پر غور کرنا، بشمول شفٹوں کے نظام الاوقات، آمد/برخاست کے لیے نظام الاوقات ترتیب دینا، ہال سے گزرنے کے دورانیے، کلاسوں یا گریڈ لیولز کو مجتمع کرنے والی سرگرمیوں کو ازسرِ نو مرتب کرنا، مختلف کمروں میں کلاس کے اندر ہدایات نشر کرنا، یا موسم اور حفاظتی صورتحال عمدہ ہونے پر کلاس کی سرگرمیوں کو عمارت سے باہر منتقل کرنا



### مجمع کا سائز

## ایسے مشترکہ احاطوں کے استعمال کو محدود کرنا جہاں بڑے اجتماع ہوسکتے ہوں، مستحکم گروہی رابطوں کو فروغ دینا

- جہاں بھی ممکن ہو، بالغ افراد اور طلبہ کو باہمی رابطے کے حامل گروہوں میں ترتیب دینا اور ان گروہی رابطوں کو ہر ممکن حد تک مستحکم رکھنے کی کوشش کرنا (مثلاً ہدایات جاری کرنے کے لیے طلبہ کے گروہی رابطوں کے مابین اساتذہ اور اسٹاف کی منتقلی)
- جہاں بھی ممکن ہو، کثیر گروہی رابطوں کی حامل سرگرمیوں یا اجتماعات کو محدود کرنا
- طلبہ کو منتخب خدمت فراہم کنندگان کے ساتھ گروہی رابطے کا حامل بنایا جاسکتا ہے جو اضافی پروگرامنگ/خدمات فراہم کرتے ہوں (مثلاً پیرا پروفیشنلز، متعلقہ خدمت فراہم کنندگان، تدریسی ماہرین) اور جو اساتذہ کے لیے دن کے دوران منظم وقفوں اور تیاری کے دورانیوں سے ہم آہنگ ہوسکیں
- عمارت کے اندر طلبہ اور اسٹاف کے اجتماعات کو زیادہ سے زیادہ 50، یا عمارت سے باہر 100 افراد تک محدود کریں، جبکہ سماجی فاصلے کے اقدامات کا بھی نفاذ ہو
- کثیر گروہی رابطوں کی حامل اسمبلیوں یا بڑے گروہی اجتماعات کی حوصلہ شکنی کریں؛ اگر ضرورت ہو تو، اجتماع کو زیادہ سے زیادہ 50 افراد تک محدود رکھیں
- ایک ہی جگہ (مثلاً جم یا آڈیٹوریم) میں 50 افراد کے کثیر اجتماعات کی اجازت ہے بشرطیکہ فرش سے چھت تک رکاوٹیں ہوں (مثلاً کمروں کے ڈیوائیڈرز)

# محفوظ رہیں۔ PK-12 تعلیم

## صحت مندانہ میل جول



حفاظتی اسباب

### تمام افراد کو چہرے کے ماسک پہننا ہوں گے

- کسی عمومی اندرونی جگہ پر، ناک اور منہ پر فیس کورنگ پہننا ضروروی ہے (ایسی طبی کیفیات یا معذور افراد کے لیے استثناء ہو سکتا ہے جن کی وجہ سے انہیں بحفاظت فیس کورنگ پہننا ممکن نہ ہو)
- بیرونی جسمانی سرگرمی/کلاسوں کے لیے، فیس کورنگ کو ہٹایا جا سکتا ہے، جب تک کہ افراد سماجی دوری کے اصول پر عمل پیرا ہوں
- اساتذہ اور طلبہ کو ماسکس کے بجائے چہرے کی شیلڈز استعمال کرنے کی اجازت دیں تاکہ پڑھتے ہوئے طلبہ کے ہونٹ نظر آئیں یا الفاظ کے تلفظ میں مدد ملے (مثلاً انگریزی سیکھنے والے، ابتدائی بچپن، غیر ملکی زبان)؛ چہرے کے واضح ماسکس ترجیح یافتہ ہیں۔ نوٹ: چہرے کی شیلڈز کے حوالے سے ابھی بھی محدود معلومات ہیں اور سماجی فاصلے پر مزید سختی کے ساتھ عمل کی ترغیب دی جاتی ہے
- اس بات کو یقینی بنائیں کہ آمد/رخصتی کے دوران طلبہ اور اسٹاف نے چہرے کے ماسکس پہنے ہوں؛ اگر طبی یا دیگر وجوہات کی بنا پر، یا سیکھنے کے عمل میں نمایاں رکاوٹ کے باعث، چہرے کے ماسکس نہ پہنے جاسکتے ہوں تو ماسکس کے بجائے چہرے کے واضح ماسکس یا چہرے کی شیلڈز استعمال کی جاسکتی ہیں
- حسبِ موزونیت، اسکول کی نرسیں اور متعلقہ خدمت فراہم کنندگان (RSPs) N95 ماسکس پہن سکتے ہیں، جس کا دارومدار ان کی ملازمتی شرائط اور فرائض پر ہے



حفظان صحت کے تقاضے

### جہاں بھی ممکن ہو، داخلہ/اخراج کے مقامات پر ہینڈ سینیٹائزر فراہم کریں

- اسٹاف اور طلبہ کے لیے ضروری قرار دینا کہ وہ اسکول میں آمد کے بعد، کھانے سے پہلے، اپنے کلاس روم کے باہمی رابطہ گروہ سے باہر نکلنے اور رخصت ہونے پر ہاتھ دھوئیں یا سینیٹائز کریں
- پورے اسکول میں اور دفتری احاطوں، بشمول تمام داخلی، خارجی راستوں اور کلاس رومز میں ہینڈ سینیٹائزر اسٹیشنز فراہم کرنا

# محفوظ رہیں- PK-12 تعلیم

## محفوظ جگہیں اور کام کرنے کے حالات



**داخلہ تک رسائی**

### عمارات میں داخل ہونے سے پہلے ذاتی جائزہ لینا؛ جسمانی رابطے کو کم سے کم کرنے کے لیے داخلی اور خارجی راستوں کا تجزیہ کرنا

- گھر چھوڑنے سے پہلے تمام افراد کو علامات کو از خود شناخت کرنے اور علامات موجود ہونے کے صورت میں گھر پر رہنے کی ترغیب دی جاتی ہے
- ادارے کے اندر داخل ہونے سے پہلے، ملازمین از خود اسکریننگ کریں (جیسے، سوالنامہ - ضمیمہ دیکھیں) تاکہ یہ یقینی ہو سکے کہ COVID-19 کی کوئی علامات نہیں ہیں
- بچوں کو اسکول بھیجنے سے پہلے والدین/سرپرستوں کو چاہیے کہ وہ ان میں COVID-19 کی ممکنہ علامات کا تجزیہ کرلیں (مثلاً علامات کی فہرست، سوالنامہ، تھرمامیٹر) تاکہ اس بات کا تعین ہوجائے کہ وہ اسکول جانے کے لیے پوری طرح صحتمند ہیں؛ وہ طلبہ جو بڑے ہیں انہیں ذاتی جائزے کا حامل تجزیہ (مثلاً سوالنامہ – ضمیمہ دیکھیں) عمل میں لانا چاہیے
- جہاں ممکن ہو وہاں ہر عمارت کے لئے یک طرفہ داخلی/خارجی راستہ فراہم کریں
- صرف انہیں لوگوں کو عمارت میں داخلے کی اجازت دیں جو طلبہ کی معاون خدمات کے لیے لازمی ہوں؛ اس بات کو یقینی بنائیں کہ تمام آنے والے افراد سماجی فاصلے اور PPE کی شرائط سے آگاہ ہوں
- ذاتی تجزیے کے لیے ٹریکنگ کے عنصر کی حوصلہ افزائی کریں یعنی کسی شخص میں علامات کی چیکنگ اور نگرانی، ذاتی تصدیقات/توثیقات وغیرہ

صفائی کے معیارات

## زیادہ آمدورفت کے احاطوں میں اور زیادہ چھوئی جانے والی سطحوں پر صفائی کے طریقۂ کار کو بڑھانا

- اس بات کو یقینی بنائیں کہ مشترکہ طور پر چھوئی جانے والی تمام جگہوں اور سازوسامان (مثلاً باتھ رومز، پانی کے فوارے) CDPH کی ہدایات کے مطابق دن میں کئی بار صاف کیے جائیں
- چھوئی جانے والی سطحوں (مثلاً دروازے کے دستوں، ڈیسک ٹاپس، لائٹ سوئچز، پنسل شارپنرز، ٹونٹیوں وغیرہ) کو روزانہ کی بنیاد پر بار بار صاف کیا جائے
- مشترکہ ورک اسٹیشنوں (جیسے سیکیورٹی پوسٹس، مشترکہ ڈیسکس) کی ہر شفٹ یا اسٹاف کے استعمال کے درمیان جراثیم کشی کریں
- مشترکہ استعمال کی برقی اشیاء، کھلونوں، کتابوں اور دیگر گیمز یا تدریسی آلات کے استعمال کو محدود کریں یا روکیں
- EPA سے منظور شدہ جراثیم کش محلول اور صفائی اور سنیٹائزنگ کی دیگر اشیاء (مثلاً صابن، کاغذی تولیہ، سینیٹائزر) کی دستیابی پوری عمارت میں تمام گریڈ لیولز کے لیے اور تمام احاطوں میں یقینی بنائیں
- تمام جراثیم کش محلول اور دیگر شدید کیمیکلز کو چھوٹے بچوں کی پہنچ سے دور رکھیں

# محفوظ رہیں- PK-12 تعلیم
## محفوظ جگہیں اور کام کرنے کے حالات



مرئی رہنمائی

### کسی بھی داخلے/خارجی راستوں اور زیادہ ٹریفک کے کسی بھی عام مقام پر علامتی تختی فراہم کریں

- عمارت تک رسائی کے لیے لوازمات (مثلاً PPE) اور زیادہ آمدورفت کی تمام جگہوں (مثلاً ہال ویز، دفاتر، میٹنگ رومز) میں صحت بخش حفظانِ صحت کے اصولوں باہمی رابطوں (ہاتھ دھونا، سماجی فاصلہ، چہرے کے ماسکس، اور چہرے کے ماسکس کا درست طور پر پہننا) کو فروغ دیتے ہوئے اشارے آویزاں کرنا
- زیادہ آمدورفت کی جگہوں اور دفتری احاطوں میں علامات کے بارے میں معلومات (مثلاً عمومی علامات، بیمار محسوس کرنے پر کیا کیا جائے) فراہم کرنے والے اشارے آویزاں کرنا
- جہاں بھی ممکن ہو، ہال ویز یا طلبہ کی قطار بنانے والی تمام جگہوں میں فرش پر نشانات لگانا (مثلاً ہال وے میں یکطرفہ راستے کے تیر کے نشانات، لنچ کی قطاروں میں 6 فٹ کے نشانات)



جائے کار

### یہ یقینی بنائیں کہ احاطے اور سہولیاتی مقامات پر لوگوں کے درمیان باہمی رابطہ کم سے کم ہو

- لوگوں کو دوبارہ قابل استعمال پانی کی بوتلیں استعمال کرنے کی ترغیب دیں، اور جہاں ممکن ہو وہاں پینے کے چشموں کے قریب قابل ضیاع کپ فراہم کریں؛ شرکاء اور عملہ کو پینے کے چشموں کے مناسب استعمال سے متعلق تربیت دیں (جیسے ٹونٹی پر منہ نہ لگائیں اور سطحوں کو چھونے کے بعد ہاتھوں کو صاف کریں)
- جہاں بھی موزوں اور قابلِ عمل ہو، لفٹوں کو صرف ناگزیر استعمال کے لیے ہی مختص کریں؛ لفٹ کو زیادہ سے زیادہ اپنی نگرانی میں لیں، جہاں بھی ممکن ہو لفٹ میں لوگوں کی تعداد کو محدود کرنے اور سماجی فاصلے کے فروغ کے لیے لفٹ کے فرش پر نشانات اور یا علامات بنائیں
- جہاں بھی ممکن ہو، ہوا کی آمدورفت میں اضافے کے لیے کمروں کے دروازے اور کھڑکیاں کھلی رکھیں
- جہاں بھی ممکن ہو، کیفے ٹیریا میں ہجوم کو کم سے کم کرنے کے لیے طلبہ کو ناشتہ اور لنچ اپنے کلاس رومز میں کرنے کی ترغیب دیں



**لچک پذیر ماڈلز**

## فاصلے پر مبنی تدریس سے منتقلی، خطرے کے شکار طلبہ کو باسہولت تدریسی ماڈلز فراہم کرنا

- جہاں بھی ممکن ہو، طلبہ کے لیے ذاتی تدریس کو فروغ دیں، بشرطیکہ اسکول میں گنجائش ہو اور سماجی فاصلے کے اقدامات کا نفاذ رکھا جائے
- "مخلوط فاصلے پر مبنی تدریسی ایام" پر ISBE کی رہنمائی کے مطابق، طبی طور پر کمزور طلبہ، شدید بیماری کے زیادہ خطرات کے حامل طلبہ، یا شدید بیماری کے زیادہ خطرات کے حامل افراد کے ساتھ رہنے والے طلبہ کے لیے، اس بات کو یقینی بنائیں کہ طلبہ کو فاصلے پر مبنی تدریس یا ذاتی اور فاصلے پر مبنی مشترکہ تدریس تک رسائی حاصل ہو
- طلبہ شفٹ کے ایسے نظام الاوقات کے باعث فاصلے پر مبنی تدریس کا حصول جاری رکھ سکتے ہیں جو ایک ہی وقت میں تمام طلبہ کی عمارت میں موجودگی کی اجازت نہ دیتا ہو یا ان کا گروہی رابطہ COVID-19 کے خطرے کے باعث قرنطینہ میں ہو
- اس بات کو یقینی بنائیں کہ ضمنی کیفیات کے حامل خطرات کے شکار ملازمین اپنی ملازمت کے فرائض کی حد تک فاصلے پر مبنی مقام سے کام جاری رکھ سکیں، یا مجوزہ کنٹریکٹ معاہدے کی تعمیل کے حامل فاصلے پر مبنی کام کے لیے زیادہ موزوں نئے فرائض کی تفویض کے لیے فاصلے پر رہ کر کام کی رہنمائی مرتب کریں۔

# محفوظ رہیں- PK-12 تعلیم
## آپریشنز اور نگرانی



### آپریشن کی لچک

## ذاتی رابطے کو کم کرنے اور صحتمند عادتوں کے فروغ کے لیے آپریشنز میں ترمیم کریں

- جہاں بھی ممکن ہو، مشترکہ کام کی جگہوں کے استعمال کو محدود کریں
- جہاں بھی ممکن ہو، ملازمین کے لیے شفٹ کے نظام الاوقات اختیار یا تبدیل کریں (آغاز/اختتام کے متنوع اوقات یا A/B دنوں/ہفتوں کے نظام الاوقات)
- جہاں بھی ممکن ہو، ہائی اسکول کے طلبہ کے لنچ کے دورانیوں کے لیے "اوپن کیمپس" ماڈل کو محدود کریں
- ضمنی پروگرامز (مثلاً جسمانی تعلیم، ماقبل اور مابعد نگہداشت اور دیگر پروگرامز) پر ISBE کی ہدایات پر عمل کریں



### سفر سے متعلق رہنما خطوط

## اسکول آمد و رفت کے تحفظ کو فروغ دیں؛ عملے کے سفر کو محدود کریں

- اس بات کو یقینی بنائیں کہ بس سے اسکول آنے جانے والے تمام طلبہ نے چہرے کے ماسکس پہنے ہوں؛ بس میں ایک وقت میں 50 سے زائد طلبہ نہیں ہونے چاہئیں جبکہ ہر ممکن حد تک سماجی فاصلے کو بھی برقرار رکھا جائے گا
- اسکول کے اشتراک سے بین الاقوامی یا ملکی سفر کو معطل کردیں، تاہم ایسے بین الاقوامی طلبہ کے لیے استثناء دی جاسکتی ہے جنہوں نے مکمل تعلیمی سال کے لیے اسکول میں داخلہ لیا ہو
- بین الاقوامی طلبہ کے لیے اس بات کو یقینی بنائیں کہ وہ اسکول آنے سے قبل 14 دن تک ذاتی قرنطینہ میں رہیں؛ اگر اسکول کا سیشن جاری ہو تو یہ یقینی بنائیں کہ اس مدت کے دوران طالب علم فاصلے پر مبنی تدریس لیتا رہے
- ذاتی سفر کی حوصلہ شکنی کریں؛ بین الاقوامی سفر کرنے والے اسٹاف اور طلبہ کو CDC کی ہدایت کے مطابق واپسی پر 14 دن کے لیے ذاتی قرنطینہ میں رہنے کے لیے کہا جاسکتا ہے

جانچ کرنا/
ٹریک کرنا

## جانچ کرنے اور پتہ لگانے کے پروٹوکول کے لیے CDPH اور CDC کی رہنمائی پر عمل کریں

- اگر ملازم COVID-19 کی زد میں آتا ہے تو انہیں کام پر واپسی سے پہلے تمام CDC کے رہنما خطوط پر عمل کرنا ضروری ہے
- جانچ کے ذریعے COVID-19 مثبت کے بطور شناخت شدہ تمام ملازمین یا طلبہ کی ٹیسٹنگ، صفائی اور جراثیم کشی CDC کے رہنما خطوط کے مطابق ہونا ضروری ہے
- جس کسی ملازم یا طالب علم کا بھی ایسے دیگر فرد سے قریبی رابطہ رہا ہے جس میں COVID-19 کی شناخت ہوئی ہے اسے CDC کے رہنما خطوط کے مطابق از خود کورنٹین کرنا چاہیے
- اسکولوں کو 14 دن کے دورانیے میں انفرادی معاملات اور 2 یا زائد معاملات کے مجموعے کی اطلاع CDPH کو دینی چاہیے
- CDPH کی دیگر تمام طے شدہ رہنما خطوط پر عمل کریں اور جائے کار میں وبا کے جواب میں CDPH کی تجاویز کی تعمیل کریں
- اسکول کے ماحول کے اندر علامات ظاہر کرنے والے کسی بھی طالب علم کو فوری طور پر اسکول میں موجود باقی افراد سے علیحدہ کرکے گھر بھیج دیا جائے؛ جب تک کہ گھر جانے کے لیے ٹرانسپورٹ کا انتظام نہ ہوجائے ان کے قرنطینہ کے لیے ایک محفوظ مقام متعین کردیں

**براہِ کرم مزید تفصیلات کے لیے اگلا صفحہ دیکھیں**

# محفوظ رہیں- PK-12 تعلیم
## آپریشنز اور نگرانی

آہستہ آہستہ دوبارہ شروع کریں
(مرحلہ IV)

**جانچ کرنا/**
**ٹریک کرنا**

**درج ذیل حفظِ مراتب ملازم یا طالب علم کے مابین COVID-19 کے کیس کے ردعمل میں تجویز کردہ اقدامات بیان کرتا ہے؛ یہ اقدامات CDC کی تجاویز کے مطابق ہیں اور ان میں تبدیلی ہوسکتی ہے**

- اسکول کے ماحول کے اندر علامات ظاہر کرنے والے کسی بھی طالب علم کو فوری طور پر اسکول میں موجود باقی افراد سے علیحدہ کرکے گھر بھیج دیا جائے؛ جب تک کہ گھر جانے کے لیے ٹرانسپورٹ کا انتظام نہ ہوجائے ان کے قرنطینہ کے لیے ایک محفوظ مقام متعین کردیں
- *کیسز کی اطلاع فراہم کرنا:* تمام اسکولوں کو چاہیے کہ اسٹاف، طلبہ، اور والدین/سرپرستوں کو متوقع اطلاع فراہمی کی ہدایات، بشمول اسکول کو کیسز سے مطلع کرنے کے طریقے کی معلومات سے آگاہ کریں
  - اگر کوئی ملازم COVID-19 کا شکار ہوجائے، تو اسے فوری طور پر اسکول کو لازماً مطلع کرنا چاہیے اور CDC کی ہدایات کے مطابق خود کو آئسولیٹ کرلینا چاہیے۔
  - اگر کوئی طالب علم COVID-19 کا شکار ہوجائے، تو والدین یا سرپرستوں کو فوری طور پر اسکول کو لازماً مطلع کرنا چاہیے اور CDC کی ہدایات کے مطابق اس کو آئسولیٹ کرلینا چاہیے۔
- جانچ کے ذریعے COVID-19 مثبت کے بطور شناخت شدہ تمام ملازمین یا طلبہ کی ٹیسٹنگ، صفائی اور جراثیم کشی CDC کے رہنما خطوط کے مطابق ہونا ضروری ہے
- اسکول کو کیس کی اطلاع دینے اور حسبِ ضرورت مشاورت کے حصول کے لیے http://redcap.link/chicovidreport پر شائع کردہ CDPH آن لائن کیس رپورٹ فارم کے ذریعے CDPH کو لازماً اطلاع دینی چاہیے۔
- CDPH حسبِ ضرورت طالب علم کی فیملی یا ملازم کے ساتھ اضافی فالو اپ انجام دے گا
- جوں ہی اسکول کو کسی مثبت کیس کے بارے میں اطلاع مل جائے تو اسکول کو چاہیے کہ مثبت نتیجے کے حامل ملازم یا طالب علم کے گروہی رابطے اور کسی بھی دیگر قریبی روابط (15 منٹ یا زائد وقت تک 6 فٹ کے اندر اندر) کی نشاندہی کرے، بمطابق

BE SAFE CHICAGO

**جانچ کرنا/ ٹریک کرنا**

**درج ذیل حفظِ مراتب ملازم یا طالب علم کے مابین COVID-19 کے کیس کے ردعمل میں تجویز کردہ اقدامات بیان کرتا ہے؛ یہ اقدامات CDC کی تجاویز کے مطابق ہیں اور ان میں تبدیلی ہوسکتی ہے**

CDPH کے رہنما خطوط- اسکول کو چاہیے کہ گروہی رابطے اور قریبی رابطوں کو مطلع کرے اور ہدایات دے کہ کسی فرد کا نتیجہ مثبت آنے پر متعلقہ فرد سے آخری ملاقات سے لے کر 14 دن تک خود کو قرنطینہ میں رکھیں- اس میں اسکول سے متعلقہ سرگرمیوں، ماقبل اور مابعد اسکول پروگرامز اور بس پر سفر میں متعلقہ فرد سے ممکنہ میل ملاپ شامل ہیں

- یہ تجویز دی جاتی ہے کہ اس ابلاغ کو نشر کرنے کے لیے اسکولوں کے پاس معیاری نمونہ ہو اور اسکول متعلقہ فرد کی رازداری کا تحفظ کرے
- قریبی روابط جن میں علامات ظاہر ہوں، انہیں تجویز دی جاتی ہے کہ علامات ظاہر ہونے کے بعد جلد از جلد تجزیے اور ٹیسٹنگ کے لیے اپنے صحتِ عامہ کے فراہم کنندہ سے رابطہ کریں
- علامات ظاہر نہ کرنے والے قریبی روابط کو تجویز دی جاتی ہے کہ وہ متعلقہ فرد سے ملاقات کے بعد 5 سے 9 دن کے اندر ٹیسٹ کروا لیں
- قرنطینہ کے دوران منفی نتیجہ آنے کا یہ مطلب نہیں ہے کہ متعلقہ فرد 14 دن کا قرنطینہ مکمل کیے بغیر باہر آجائے
- اگر قریبی رابطے کے ٹیسٹس مثبت آ جائیں، تو ملازم یا طالب علم کے والدین یا سرپرستوں کو چاہیے کہ فوری طور پر اسکول کو مطلع کریں
  - ایسے قریبی روابط جو خود مریض بن گئے ہوں انہیں آئسولیشن پر CDC کی ہدایات پر عمل کرنا چاہیے
- قرنطینہ کے حامل گروہی رابطے کے لیے فاصلے پر مبنی تدریس مرتب کریں
- ایک حفظِ مراتب ترتیب دیں جس کی مدد سے طلبہ/اسٹاف اسکول میں ضروری اشیاء جمع کرسکیں

**جانچ کرنا/ ٹریک کرنا**

**درج ذیل حفظِ مراتب ملازم یا طالب علم کے مابین COVID-19 کے کیس کے ردعمل میں تجویز کردہ اقدامات بیان کرتا ہے؛ یہ اقدامات CDC کی تجاویز کے مطابق ہیں اور ان میں تبدیلی ہوسکتی ہے**

قرنطینہ کے دورانیے کے لیے۔ اسے دوسروں کے لیے میل ملاپ کو کم سے کم کرنا چاہیے (مثلاً اسکول کے اوقات شروع ہونے سے پہلے یا بعد اشیاء اٹھانا)

- گروہی رابطے میں کسی مثبت کیس کے آنے سے ازخود اسکول کی بندش نافذ العمل نہیں ہوتی۔ اسکول کی بندش کے فیصلے CDPH کے ساتھ مشاورت سے کیے جانے چاہئیں اور یہ مختلف عوامل، بشمول مثبت کیسز کی تعداد، متاثرہ گروہی رابطوں کی تعداد، اسکول میں غیر حاضریوں کی تعداد، کمیونٹی میں مرض کے پھیلاؤ کی سطح، اس کے ساتھ ساتھ ممکنہ طور پر دیگر متعلقہ عوامل پر منحصر ہوتا ہے
- اسکول کو چاہیے کہ متاثرہ طلبہ اور ملازمین کی شناخت کے تحفظ کا بھرپور احساس کرتے ہوئے، پوری اسکول کمیونٹی کو عمومی اعلامیہ بھیجے۔
- جس کسی ملازم یا طالب علم کا بھی ایسے دیگر فرد سے قریبی رابطہ رہا ہے جس میں COVID-19 کی شناخت ہوئی ہے اسے CDC کے رہنما خطوط کے مطابق از خود کورنٹین کرنا چاہیے
- اسکولوں کو چاہیے کہ انفرادی کیسز اور مجموعی کیسز (14 دن کے عرصے میں اسکول سے ممکنہ طور پر متعلقہ 2 یا زائد کیسز) دونوں کی اطلاع http://redcap.link/chicovidreport پر شائع کردہ CDPH آن لائن کیس رپورٹ فارم کے ذریعے فراہم کرے تاکہ اسکولوں کے اندر COVID-19 کی منتقلی کو کم کیا جائے
- CDPH کی دیگر تمام طے شدہ رہنما خطوط پر عمل کریں اور اسکول میں وبا کے جواب میں CDPH کی تجاویز کی تعمیل کریں

## فرہنگ

**مجمع:** ایک سنگل گھرانے سے باہر افراد کا ایک گروپ جو ایک بے ساختہ یا منصوبہ بند پروگرام کا حصہ ہے اور دس منٹ سے زیادہ تک ایک دوسرے سے بات چیت کر رہا ہے

**ہاتھ دھونا:** کم از کم 20 سیکنڈ تک صابن اور پانی سے یا COVID-19 کا سبب بننے والے وائرس کو ختم کرنے کے قابل جراثیم کش کا استعمال کرکے کسی فرد کا ہاتھوں کو خوب اچھی طرح دھونے کا عمل

**سماجی دوری:** افراد، یا افراد کے گروپ کے بیچ کم از کم چھ فٹ کا طبعی فاصلہ۔

**PPE:** ذاتی حفاظتی آلات (جیسے، فیس کورنگز، چشمے، فیس شیلڈ)؛ صنعت اور مخصوص حالات کی بنیاد پر تقاضے مختلف ہیں

---

## از خود اسکریننگ کا نمونہ سوالنامہ

**از خود اسکریننگ:** ایک پروٹوکول جس کے ذریعے کوئی ملازم شفٹ کے شروع میں سوالوں کا جواب دیتا ہے۔ کمشنر برائے صحت کی رہنمائی کے مطابق، سوالات میں یہ شامل ہو سکتے ہیں:

- کیا آپ کے جسم کا درجہ حرارت 100 ڈگری فارن ہائٹ سے زائد رہا ہے یا آپ نے 100 ڈگری فارن ہائٹ سے زائد جسم کے درجۂ حرارت کا علاج کرنے کے لیے پچھلے 24 گھنٹے میں بخار کم کرنے والی دوا استعمال کی ہے؟
- کیا آپ کو کوئی ایسی نئی کھانسی ہے جسے آپ صحت کی دیگر کیفیت سے منسوب نہیں کر سکتے ہیں؟
- کیا آپ کو کوئی ایسی نئی یا خراب ہوتی گلے کی خراش ہے جسے آپ صحت کی دیگر کیفیت سے منسوب نہیں کر سکتے ہیں؟
- کیا آپ کو سانس لینے میں کوئی نئی دقت ہے جسے آپ صحت کی دیگر کیفیت سے منسوب نہیں کر سکتے ہیں؟
- کیا آپ میں حالیہ دنوں میں بو یا ذائقے کا مکمل فقدان پیدا ہوا ہے؟

## مزید رہنمائی کے لیے ملکی وسائل

### جائے کار سے متعلق عمومی رہنمائی

**CDC** – *COVID-19 کے جوابی کی تائید کرنے والی سرگرمیاں اور پیشقدمیاں اور امریکہ کو دوبارہ کھولنے کے لیے صدر کا منصوبہ:*
https://www.cdc.gov/coronavirus/2019-ncov/downloads/php/CDC-Activities-Initiatives-for-COVID-19-Response.pdf

**CDC** – *کاروبار اور جائے کار کے لیے رہنمائی*
https://www.cdc.gov/coronavirus/2019-ncov/community/organizations/businesses-employers.html

**OSHA** *جائے کار کو COVID-19 کے لیے تیار کرنے سے متعلق رہنمائی:*
https://www.osha.gov/Publications/OSHA3990.pdf

### PK-12 تعلیمی رہنمائی

**ISBE -** *2020-21 کے تعلیمی سال کا آغاز کر رہے ہیں:*
https://www.isbe.net/Documents/Part-3-Transition-Planning-Phase-4.pdf

**امریکی محکمہ تعلیم** – *اسکولوں اور اسکول کے عملے کے لئے COVID-19 سے متعلق معلومات اور وسائل:* https://www.ed.gov/coronavirus

**CDC** – *بچوں کی نگہداشت، اسکولوں اور نوجوانوں کے پروگرامز کے لیے ہدایات:*
https://www.cdc.gov/coronavirus/2019-ncov/community/schools-childcare/index.html

### اعلان دستبرداری

اس دستاویز میں فراہم کردہ کوئی بھی لنکس صرف سہولت اور معلوماتی مقاصد کے لیے ہیں؛ ان سے کسی پروڈکٹ، خدمات یا کارپوریشن یا تنظیم یا فرد کی آراء کی سٹی آف شکاگو کی جانب سے تائید یا منظوری لازم نہیں آتی ہے۔ شکاگو شہر بیرونی سائٹ کے مواد کی درستگی، قانونی حیثیت یا اس کے بعد کے لنکس کی کوئی ذمہ داری نہیں لیتا ہے۔ اس مواد سے متعلق سوالات کے جوابات کے لیے خارجی سائٹ سے رابطہ کریں۔